13 ڈیجیٹل آموزش

ہم سیکھیں گے

- ڈیجیٹل ہندسوں کی پہچان اور لکھنا
- تصویر میں دیے گئے اعداد وشمار کا علم
- موبائل فون کے ذریعہ روزمرّہ کی زندگی کے مسائل حل کرنا۔

اب راہ ہوئی آسان

مہیپال جام نگر میں رہتا ہے۔اس کے پاس تقریباً 8.2 ایکڑ زمین ہے۔اس کے تین بچّے ہیں، ایک بیٹا اور دو بیٹیاں۔تینوں بچّے اسکول میں پڑھتے ہیں۔ مہیپال نے صرف چھٹے درجے تک تعلیم حاصل کی ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ اس کے بچّے خوب پڑھیں۔اس نے ان کی پڑھائی کے لیے قرض لے کر ایک موبائل بھی خریدا۔

بچوں کو پالنے کے لیے مہیپال اور اس کی بیوی بہت محنت کرتے ہیں۔انھوں نے گذشتہ خریف میں دھان کی کھیتی کی اور ربیع میں مکئی کی کھیتی کی۔ پچھلے ربیع میں مہیپال نے کھیتی شروع کرنے کے لیے پورا منصوبہ بنایا تھا کہ کتنی رقم کی ضرورت ہوگی۔ جیسے مکئی کے بیج خریدنا، کھیت کے لیے کھاد اور یوریا وغیرہ۔ اسے آب پاشی

کے لیے بار بار پمپ کرائے پر لینے کے لیے بھی پیسے چاہیے تھے۔ اسے دو مزدوروں کو بھی کام پر رکھنا تھا۔ مہیپال نے ایک بجٹ بنایا۔ ان سب کے لیے اس کے پاس اتنے پیسے نہیں ہیں جتنی اُس کو ضرورت ہے۔ مہیپال اور اس کی بیوی نے فیصلہ کیا کہ وہ اپنی پچھلے سال کی بچت کو اس میں لگا دیں گے اور بچی ہوئی رقم کے لیے گرامین بینک سے قرضہ لیں گے۔ مہیپال اتنی رقم لگانے میں ڈر رہا تھا کیوں کہ اسے نہ صرف گھر کے خرچ کی فکر تھی بلکہ بچوں کی تعلیم کا بھی خرچ اٹھانا تھا اور موبائل کا قرضہ بھی تو چکانا تھا۔ لیکن مہیپال بہت سمجھ دار ہے، اس نے موبائل کا استعمال نہ صرف بچوں کی پڑھائی کے لیے کیا بلکہ خود بھی موبائل

ذریعہ: https://play.google.com/store/apps/details?id=in.farmguide.farmerapp.central&hl=en_IN&gl=US

ذریعہ: https://mkisan.gov.in/

کی مدد سے بھارت سرکار کے ذریعہ پیش کردہ کھیتی کے نئے طریقے اور منصوبے سمجھے۔ اس کے لیے اس نے ای۔ چوپال، ڈیجیٹل انڈیا منڈی، 'ایم۔کسان' وغیرہ ایپ بھی موبائل میں ڈاؤن لوڈ کر لیے۔ روز شام کو مہیپال اور اس کے بچے موبائل کھول لیتے اور دیکھتے کہ وہ کیسے مقامی انتظامیہ کے ذریعہ دی جا رہی امداد اپنی کھیتی کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

مہیپال ایم، کسان ایپ سے جُڑ گیا جہاں موسم، بیج اور کھاد کی قیمت، مناسب قیمت فروخت وغیرہ سے متعلق مشورے اور خبریں ملتی رہتی ہیں۔

اس سے اسے اندازہ ہو گیا کہ ان سب کی خریداری میں اسے کتنا خرچ کرنا چاہیے۔ اب مہیپال کے لیے گھر بیٹھے فون کے استعمال سے یہ سب جاننا ممکن ہو گیا۔

ذریعہ: https://play.google.com/store/apps/details?id=com.itcinfotech.echoupal&hl=zu&gl=US

موسم کی غیر موافقت کو دیکھتے ہوئے مہیپال نے "فصل کراپ انشورینس اپلیکیشن" پر بھی رجسٹریشن کرلیا جس سے اسے انتہائی کم قیمت پر اپنی فصل کا بیمہ کرانے میں مدد ملی۔ کسی بھی حالت میں فصل خراب ہونے پر اسے زیادہ سے زیادہ پیسے واپس مل جائیں گے۔ دیگر کسانوں سے بات کرنے اور نئے خیالات جاننے کے لیے وہ ای چوپال سے بھی وابستہ ہوگیا۔

ایک دن وہ آب پاشی کے لیے پمپ کرائے پر لینے ہی والا تھا کہ اسے ایم۔کسان ایپ سے پتہ چلا کہ اگلے ہفتہ بھاری بارش ہونے والی ہے۔اس معلومات کے سبب اس نے پمپ کرائے پر نہیں لیا اور سمجھ داری سے پیسوں کی بچت بھی کی۔

فصل کی کٹائی کے وقت موبائل فون پر ایک الرٹ آیا کہ اگلے کچھ دنوں کے دوران ضلع میں آندھی/طوفان آنے کا امکان ہے۔ مہیپال فوراً حرکت میں آ گیا۔اس سے پہلے کہ آندھی اور بارش سے فصل خراب ہوتی، مہیپال نے اضافی مزدور کرایے پر لگا کر اپنی فصل کی کٹائی کر لی۔

مہیپال نے اپنی فصل کو بچانے اور اس موسم کی اچھی پیداوار کے لیے بہت عقل مندی سے فیصلے لیے۔ وہ ایسا اس لیے کر پایا کہ وہ موبائل فون اپلیکیشن کے ذریعہ ماہرین اور علاقائی افسران کے مشورے حاصل کر پایا تھا موبائل کی مدد سے مہیپال کے بچوں نے پڑھائی کر کے امتحان پاس کیا۔ساتھ ہی موبائل کی مدد سے مہیپال نے بھی اس سال اچھی فصل سے اچھی کمائی کی اس نے موبائل کا قرض بھی چکایا اور کچھ پیسہ بچوں کی آگے کی تعلیم کے لیے بینک میں بھی جمع کر دیا۔

بات چیت کے لیے

سوال 1 مہیپال نے ربیع میں کون سی فصل بوئی؟

سوال 2 مہیپال کو بیج اور کھاد کی مناسب قیمت کے بارے میں کیسے پتہ چلا؟

سوال 3 کیا مہیپال نے برسات سے پہلے سینچائی پمپ کرائے پر نہ لے کر غلطی کی؟

سوال 4 مہیپال کو ماہرین سے موسم، خرید و فروخت کی قیمتوں وغیرہ کی معلومات کس طرح ملتی تھی؟

سوال 5 دو ایپ کے نام بتائیے جن کا استعمال کسان اپنی کھیتی میں سدھار لانے اور بہتر فصل حاصل کرنے کے لیے کر سکتے ہیں۔

میرے الفاظ

استاد کے لیے ہدایت: ڈیجیٹل آموزش سے متعلق موضوع پر گفتگو کیجیے۔ ساتھیوں سے موبائل کے مختلف استعمال پر بات چیت کیجیے۔ موبائل کے روز مرہ استعمال پر بات چیت کیجیے۔

ڈیجیٹل ہندسے

12

آپ پیسے نکالنے کے لیے بینک جاتے ہیں۔ بینک میں آپ کو ایک ٹوکن دیا جاتا ہے۔ آپ کا نمبر بارہ ہے جو کھڑکی پر لگی مشین میں اس طرح دکھائی دیتا ہے۔

ریلوے اسٹیشن پر گاڑی کا نمبر اور پلیٹ فارم نمبر دیکھنے کے لیے بھی ایسے ہی ہندسوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

پلیٹ فارم نمبر	گاڑی کا نام	گاڑی نمبر
8	مہابودھی ایکسپریس	12398
5	راجدھانی ایکسپریس	12429

اسی طرح کے ہندسے منڈی میں قیمت دیکھنے، درجۂ حرارت دیکھنے، میٹرو اسٹیشن وغیرہ پر اسکرین پر دکھائی دیتے ہیں۔

آپ کے کیلکولیٹر اسکرین پر بھی اسی طرح کے ہندسے ہوتے ہیں۔ ان ہندسوں کی شناخت کرنا آپ کے لیے ضروری ہے۔

0 1 2 3 4 5 6 7 8 9

اسکرین پر اسی بناوٹ کے ہندسے نظر آتے ہیں۔ اگر آپ کا ٹوکن نمبر 123 ہے تو بتائیے وہ اسکرین پر کس طرح دکھائی دے گا۔

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں کا ڈیجیٹل ہندسوں سے تعارف کرائیے۔ انھیں ایسے مواقع فراہم کیے جائیں جس میں ڈیجیٹل ہندسوں کو پڑھنا اور لکھنا شامل ہو۔

آپ اپنی فصلوں کی پیداوار کا تقابل دوسروں سے کرتے ہیں یا آپ اپنے گیہوں کی پیداوار کا تقابل پچھلے سال کی پیداوار سے کرتے ہیں تو ایسا تقابل کرنے کے لیے تصاویر بہت مفید ہوتی ہیں۔

گیتا: ”ارے واہ! میرے پاس ایک بوری گیہوں زیادہ ہے۔“

دیکھ کر ہی گیتا کو کیسے پتا لگا۔

گیتا کو یہ معلوم کرنا تھا کہ کس پارٹی کی حکومت بننے والی ہے۔ گیتا ٹی وی پر انتخابی نتائج کے بارے میں خبریں دیکھ رہی تھی۔ جس دن انتخابات کے نتیجے آتے ہیں تو ٹی وی پر اس طرح کی تصویریں بنی ہوتی ہیں جس سے یہ سمجھنا آسان ہو جاتا ہے کہ کس پارٹی کو زیادہ سیٹیں ملی ہیں۔



- تصویر دیکھ کر بتایئے کہ
  - سب سے زیادہ سیٹیں کس پارٹی کو ملی ہیں؟
  - سب سے کم سیٹیں کس پارٹی کو ملی ہیں؟

اسی طرح ہم اپنے آس پاس دیکھ کر بھی کئی معلومات حاصل کرتے رہتے ہیں۔ گیتا نے اپنے کھیت میں پھلوں کے درخت بھی لگائے ہیں۔



- تصویر دیکھ کر بتاؤ کہ
  - آم کے پیڑ کھیت کے .... حصّے میں لگے ہیں۔
  - امرود کے پیڑ کھیت کے .... حصّے میں لگے ہیں۔
  - لیمو کے پیڑ کھیت کے .... حصّے میں لگے ہیں۔



گیتا ٹی وی پر ٹونٹی ٹونٹی کرکٹ میچ دیکھ رہی ہے۔ آخری اووروں میں بنے رنوں کی تعداد تصویر (گراف) میں دکھائی گئی ہے۔

- تصویر دیکھ کر بتایئے

سوال 1 سب سے زیادہ رَن کس اوور میں بنے ہیں؟ آپ کو ایسا کیوں لگتا ہے؟ ....

سوال 2 کس اوور میں سب سے کم رَن بنے ہیں؟

سوال 3 دس رَن کس اوور میں بنے ہیں؟

سوال 4 پندرہویں اوور میں کتنے رَن بنے ہیں؟

میچ دیکھنے کے بعد گیتا اپنے موبائل میں ریچارج کروانے کے لیے ایک دکان پر گئی۔ اسے نیچے دیے گئے پلان میں سے ایک پلان چننا تھا۔ نیچے دیے گئے پلان میں ان کی قیمت اور میعاد دی گئی ہے۔

پلان	155روپے	179روپے	479روپے
میعاد	24دن	28دن	56دن

(الف) گیتا کے لیے کون سا ریچارج مفید رہے گا؟

(ب) اگر گیتا نے 179 کا ریچارج کرالیا اور اس نے دکاندار کو 500 کا نوٹ دیا تو اسے کتنے روپے واپس ملیں گے؟

(ج) گیتا نے ریچارج 18/مارچ کو کروایا اور اس پلان کی میعاد 28 دن ہے تو اسے اگلا ریچارج کب کرانا ہوگا؟

مارچ

سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار
5	4	3	2	1		
12	11	10	9	8	7	6
19	18	17	16	15	14	13
26	25	24	23	22	21	20
		31	30	29	28	27

اپریل

سنیچر	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار
2	1					
9	8	7	6	5	4	3
16	15	14	13	12	11	10
23	22	21	20	19	18	17
30	29	28	27	26	25	24

موبائل کی دنیا

شاہین نے بابا کے بینک کھاتے کو موبائل نمبر سے جوڑ دیا تھا۔ اُس نے بابا کو موبائل سے بجلی کا بل جمع کرنا اور فون ریچارج کرنا سکھا دیا تھا۔ سبھی طرح کے بل بابا فون سے جمع کرتے تھے اور ان کے کھاتے سے پیسے منتقل ہو جاتے ہیں۔ اس سے بابا کا دفتروں اور دکانوں پر آنے جانے کا جھنجھٹ ختم ہو گیا تھا۔ چھٹیوں کے بعد شاہین شہر چلی گئی۔ وہ وہاں پڑھائی کر رہی تھی۔ کبھی کبھی وہ اپنے کالج کے فوٹو اور کبھی کوئی ویڈیو بھی بھیجتی۔

بابا اس کی بھیجی ہوئی چیزوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوتے تھے۔ واٹس ایپ پر اپنا پیغام لکھ کر اپنی رائے بتاتے۔ خطوط کی جگہ اب بابا اُسے ای۔میل کیا کرتے تھے۔ اس سے ڈاک خرچ اور وقت دونوں کی بچت ہوتی تھی۔ ایک دن شاہین نے بابا کو ویڈیو کال کیا۔ بابا نے اسے بتایا: ”اب میں یوٹیوب پر لوک گیت سن کر سوتا ہوں۔ تمہیں ایک اور بات بتاؤں یہ سارے نیوز چینل بھی یوٹیوب پر دیکھے جا سکتے ہیں۔“

شاہین نے کہا: ’’واہ بابا! آپ تو ہائی ٹیک ہو گئے ہیں۔ اچھی بات ہے۔ اچھا ایک بات بتائیے بابا، کبھی کسی نے آپ سے آپ کے اے ٹی ایم کارڈ کا نمبر تو نہیں پوچھا؟‘‘

بابا بولے، ’’ارے ہاں ایک دن کسی نے پوچھا تھا لیکن میں نے نہیں بتایا کیوں کہ پھر تو وہ اے ٹی ایم پِن بھی پوچھتا اور میرے کھاتے سے سارے پیسے چلے جاتے۔ میں دھوکے میں نہیں آیا۔‘‘

’’اچھا کیا۔ اب تو آپ سائبر ٹھگوں سے بچنا بھی سیکھ گئے ہیں‘‘ شاہین نے کہا۔

’’شہر میں کہیں آنا جانا ہو تو کیب یا موٹر سائیکل بک کر لیا کرنا ضروری کتاب منگانی ہو تو آج کل موبائل سے ہی آرڈر ہو جاتا ہے۔ کئی ایپ دستیاب ہیں۔ گوگل پر تلاش کرے گی تو سب مل جائے گا۔ ای۔لائبریری پر کتابیں تلاش کر کے پڑھ بھی سکتی ہو۔‘‘ بابا نے سمجھاتے ہوئے بڑی خوشی محسوس کی۔

بابا تو موبائل سے کچھ زیادہ ہی واقف ہو گئے ہیں۔ سوچتے ہوئے شاہین مسکرائی۔

پھر شاہین نے ویڈیو کال پر ہی بابا کو اپنا کالج دکھایا۔ بابا نے بھی شاہین کو دھان کا کھیت دکھایا، تالاب دکھایا جس میں اب پانی بہت کم ہو گیا تھا۔ وہاں بطخ اور سارس دلدلی زمین پر ٹہل رہے تھے۔ بابا کو لگا جیسے وہ شہر میں بیٹی کے پاس ہی ہیں۔ شاہین کو بھی ایسا محسوس ہوا جیسے وہ کچھ وقت کے لیے گاؤں کے تالابی کھیتوں میں پہنچ گئی ہے۔

▪ بات چیت کے لیے

سوال 1 شاہین نے بابا کو موبائل پر کیا کیا سکھایا؟

سوال 2 بابا نے شاہین کو موبائل کے استعمال کی کیا کیا معلومات دی؟

سوال 3 موبائل نے بابا اور شاہین کی دوری کیسے مٹائی ؟ کیا آپ کو بھی موبائل کے استعمال کے ذریعے اپنے کسی جاننے والے سے دوری مٹانے کا تجربہ ہوا ہے؟ اگر ہاں تو سبھی کو اپنے تجربات میں شریک کیجیے۔

سوال 4 موبائل پر سائبر ٹھگی کی وارداتیں سننے میں آتی ہیں۔ ان سے بچنے کے لیے ہمیں کیا کیا احتیاط برتنی چاہیے؟

▪ پڑھیے، بتایے اور لکھیے۔

نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

سوال 1 موبائل کے کیا کیا فائدے ہیں؟

____

____

____

سوال 2 موبائل کا استعمال کرتے وقت آپ کِن باتوں کا خیال رکھتے ہیں؟

____

____

____

سوال 3 نیچے دیے گئے سوالات کے لیے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

موبائل سے کس کا لین دین کیا جا سکتا ہے۔

- پیسوں کا
- پیغامات کا
- تصاویر کا
- ان تینوں کا

- آپ اپنے موبائل کا استعمال کن کن کاموں کے لیے کرتے ہیں؟ ایک فہرست تیار کیجیے:

______________ ______________ ______________

______________ ______________ ______________

______________ ______________ ______________

- کسی ایسے تجربے کو بیان کیجیے جب آپ کو موبائل کی وجہ سے کسی کام میں آسانی ہوئی ہو۔

____

____

____

____

____

____

____

____

____

موبائل کے کچھ دیگر استعمال

- ایس۔ایم۔ایس سے پیغام بھیجا جاتا ہے۔
- کیلکولیٹر کی مدد سے حساب کیا جاسکتا ہے۔
- الارم گھڑی سیٹ کر سکتے ہیں۔
- کلینڈر دیکھ سکتے ہیں۔
- چلتے ہوئے اپنے قدم گن سکتے ہیں۔یعنی آپ کتنی دور پیدل چلتے ہیں یہ بھی معلوم کیا جاسکتا ہے۔
- موبائل کے ذریعے آن لائن پڑھائی کی جاتی ہے۔اس میں کچھ خاص اپلی کیشن ہوتے ہیں جس کے ذریعے سیدھے کلاس سے رابطہ ہوسکتا ہے جیسے زوم، میٹنگ، گوگل میٹ، مائیکروسافٹ ٹیم وغیرہ۔ ان اپلی کیشن میں پہلے اپنے آپ کو رجسٹر کرنا پڑتا ہے۔
- جی۔پی۔ایس (لوکیشن) کے ذریعہ صحیح سمت اور راستے کا پتہ چلتا ہے۔
- جی۔پی۔ایس (لوکیشن) کے ذریعہ گاڑی/ٹیکسی کو بک بھی کیا جاسکتا ہے۔
- متعدد کھیل بھی کھیلے جاسکتے ہیں۔
- فیس بک استعمال کر سکتے ہیں۔
- ریڈیو سن سکتے ہیں۔
- آڈیو یعنی آواز ریکارڈ کر سکتے ہیں۔(گانے گا کر یا کہانی سنا کر) ویڈیو بنا سکتے ہیں۔
- درجۂ حرارت معلوم کر سکتے ہیں۔
- آس پاس موجود ہوٹل، اسپتال، اسکول، ریلوے اسٹیشن، پارک وغیرہ کا پتا لگا سکتے ہیں۔

▪ دیکھیے پڑھیے اور بات چیت کیجیے

آپ اپنے موبائل میں ان میں سے کن کن کا استعمال کرتے ہیں: صحیح کا نشان لگائیے



ایس ایم ایس

واٹس اپ

جنوری

اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	سنیچر
						1
2	3	4	5	6	7	8
9	10	11	12	13	14	15
16	17	18	19	20	21	22
23	24	25	26	27	28	29
30	31					

کلینڈر



گھڑی



ای۔میل

یوٹیوب

گوگل میپ

کیلکولیٹر



ٹارچ

DIKSHA

دکشا



کانٹیکٹ لسٹ

فیس بک

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں کے ساتھ ایک ایک کر کے دی گئی تصاویر کی پہچان کرائیں۔ ان تصاویر کے نیچے الفاظ پڑھوائیں۔ ان کے استعمال کے بارے میں بات چیت کریں۔ ہو سکتا ہے کچھ ساتھی ان کے استعمال اور کاموں سے متعارف نہ ہوں۔

▪ مزید معلومات کے لیے



ہفتہ 10

ہیلپ لائن نمبر:

1930

فضول پیغامات سے متعلق لنک
کو کبھی نہ کھولیں

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

ہفتہ 11

ہیلپ لائن نمبر:

1930

آپ جو کچھ بھی آن لائن پڑھتے ہیں ان
سب پر بھروسہ نہ کریں۔

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

ہفتہ 14

ہیلپ لائن نمبر:

1930

اپنی ذاتی تصویریں آن لائن ڈالنے
سے پہلے دوبار سوچئے۔

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

ہفتہ 20

ہیلپ لائن نمبر:

1930

اگر آپ کسی سائبر جرم کا شکار ہوئے ہیں
تو فوراً اطلاع کیجئے۔

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

ہیلپ لائن نمبر:
1930

ہفتہ
24

اپنے موبائل کی خفیہ معلومات سے کسی کو واقف نہ کرائیں۔

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

ہیلپ لائن نمبر:
1930

ہفتہ
28



سائبر قوانین سے باخبر رہیں اور آن لائن رہتے ہوئے ان کی پیروی کریں۔

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

ہیلپ لائن نمبر:
1930

ہفتہ
38



انٹرنیٹ پر کبھی بھی کسی کو اپنی ذاتی تفصیلات سے واقف نہ کرائیں۔

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

ہیلپ لائن نمبر:
1930

ہفتہ
43

آن لائن مفت فائدے دینے والوں کے وعدوں سے ہشیار رہیں۔

شکایت کے لیے:
https://cybercrime.gov.in

اسکول سسٹم کے لیے ہدایات:
https://ciet.nic.in/pages.php?id=booklet-on-cyber-safetysecurity&ln=en&ln=en

استاد کے لیے ہدایت: دی گئی تصویروں کے ذریعے ساتھیوں کو سائبر حفاظت کے بارے میں باخبر کریں۔ ساتھیوں کے ساتھ انٹرنیٹ کے برتاؤ کے بارے میں بات چیت کریں۔

حروف تہجی

ا ب پ ت ٹ ث

ج چ ح خ د ڈ

ذ ر ڑ ز ژ س ش

ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک گ ل م

ن و ہ ی ے